# ٹیچرز گائیڈ

تحریر: ناہید حسن

دوسری جماعت کے لئے



| | |
|---|---|
| ٹیچر کیلیئے نوٹ | • ضروری نہیں کہ جو بات یا چیز مجھے پسند ہو وہ آپ کو بھی پسند ہو۔ نہ صرف بڑے بلکہ بچے بھی انفرادی طور پر اپنی پسند اور ناپسند رکھتے ہیں۔ بڑوں کو چاہیئے کہ وہ بچوں کو اپنے خیالات کے اظہار کا پورا موقع دیں۔ یہ تحریر بچوں میں خود اعتمادی پیدا کرنے اور اپنی رائے کے اظہار کا موقع فراہم کرنے کے حوالے سے بہت اہم ہے۔ نظمیہ انداز میں لکھی گئی یہ تحریر دوسری جماعت کے بچوں کے لئے ہے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح کے لحاظ سے اس میں رد و بدل کر سکتی ہیں۔ |

## سیشن 1

| | |
|---|---|
| 15 منٹ | • ٹیچر انفرادی طور پر بچوں سے سوالات کریں۔<br>• آپ کو کیا پسند ہے؟ اور کیوں؟<br>• آپ کو کیا نہیں پسند ہے؟ اور کیوں؟<br>• ٹیچر بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک میں پسند اور دوسرے میں ناپسند لکھیں۔ اب بچوں کے بتائے ہوئے الفاظ دونوں کالموں میں حسب ترتیب لکھتی جائیں۔ ٹیچر اس بات کا خیال رکھیں کہ یہ بات چیت (class discussion) زیادہ طویل نہ ہو جائے۔ |
| 10 منٹ | • ٹیچر بچوں کو کتابیں دیں۔ بچے بالکل خاموشی سے کتاب کی تصویریں دیکھیں اور کہانی پڑھیں۔ |
| 20 منٹ | • اب ٹیچر 10-12 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کر وائیں۔ ضروری نہیں کہ ہر بچہ مکمل کتاب پڑھے۔ کتاب کی پڑھائی میں ٹیچر بچوں کی مدد اور حوصلہ افزائی ضرور کریں تاکہ ان کی دلچسپی قائم رہے۔ |
| گھر کا کام | • کہانی پڑھ کر آئیں۔ |

## سیشن 2

**15 منٹ**

- آج کلاس کے بقیہ بچوں سے کتاب کی پڑھائی کر وائیں۔ ہر بچے کے پڑھنے کے بعد مختصر بات چیت کریں۔

**25 منٹ**

- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپی کھولیں۔ نئے صفحے پر دن اور تاریخ ڈالیں ایک دن پہلے کی گئی بات چیت کے حوالے سے اپنی کسی ایک پسند اور ایک ناپسند کے بارے میں لکھیں اور تصویریں بنائیں۔
- مجھے ____________ پسند ہے کیونکہ . . .
- مجھے ____________ ناپسند ہے کیونکہ . . . . .
- جملوں کی لکھائی میں ٹیچر بچوں کی مدد کریں۔ کام مکمل ہونے پر ٹیچر کاپیاں جمع کر لیں۔

**گھر کا کام**
**5 منٹ**

- کتاب میں سے آواز ''نا'' پر ختم ہونے والے الفاظ یاد کر کے آئیں۔ املا لیا جائے گا۔
- ٹیچر ہوم ورک کی ہدایات بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے نوٹ بک میں اتار لیں۔

## سیشن 3

**20 منٹ**

- بچے کاپی نکالیں۔ نئے صفحے پر دن اور تاریخ لکھیں۔ ٹیچر آواز ''نا'' پر ختم ہونے والے الفاظ کا املا لیں۔

**الفاظ**

- تیرنا۔ اڑنا۔ رینگنا۔ دوڑنا۔ اتنا۔ جتنا۔ چڑھنا۔ مچانا۔ کھیلنا۔
- بعد میں ٹیچر بورڈ پر یہ الفاظ لکھ دیں اور بچے اپنا کام خود چیک کریں یا ایک دوسرے سے کاپیاں بدل کر چیک کریں۔ جن بچوں کی غلطیاں ہیں وہ اصلاح کریں۔ اچھا املا لکھنے والے بچوں کو ٹیچر star یا sticker ضرور دیں۔ اس عمل سے بچوں کی دلچسپی اور شوق میں اضافہ ہوتا ہے اور بچے بہتر کام کرنے

کی کوشش کرتے ہیں۔

**25 منٹ**

- ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ کچھ الفاظ ایسے ہوتے ہیں جن سے دوسرے الفاظ بھی بنائے جا سکتے ہیں اور ہر ایک لفظ مختلف جملوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے لفظ
تیر سے تیرنا۔ تیرنے۔ تیرتا۔ تیرتی۔ تیراکی۔

**جملے**

- مجھے تیرنا آتا ہے۔
- میں شام کو تیرنے گیا۔
- میں سمندر میں تیرتا ہوں۔
- مچھلی تیرتی ہے۔
- میں تیراکی کرتا ہوں۔
- اسی طرح دوسرے الفاظ کے ساتھ نئے الفاظ بنوائیں اور ان سے جملے ترتیب دینے کا کام کروائیں۔

**الفاظ**

- تیر۔ اڑ۔ رینگ۔ دوڑ۔ چڑھ۔ مچا۔ کھیل۔ کھا۔ چل۔ سو۔ دیکھ۔ پڑھ۔ لکھ۔ بنا۔

**نوٹ**

- اس کام کو ٹیچر ایک دلچسپی activity کی شکل میں بھی کروا سکتی ہیں۔ پہلے کسی ایک لفظ سے نئے الفاظ بنا کر ٹیچر بچوں کو بتائیں اور بورڈ پر لکھ کر پڑھوائیں۔ ان الفاظ سے مختلف جملے بھی ترتیب دیں۔ اب بچوں کی تعداد کے مطابق کلاس کو گروپ میں بانٹ دیں۔ خیال رہے کہ ایک گروپ میں پانچ یا چھ سے زیادہ بچے نہ ہوں۔ اب باری باری ہر ایک گروپ کے لئے کوئی ایک لفظ بورڈ پر لکھیں۔ لفظ کے مطابق گروپ کا ہر بچہ کوئی ایک لفظ بتائے اور اس لفظ سے جملہ بھی ترتیب دے۔ بچوں کے بتائے ہوئے الفاظ ٹیچر بورڈ پر لکھتی جائیں۔ اس طرح نہ صرف بچوں کی vocabulary بڑھے گی بلکہ الفاظ کے استعمال کا طریقہ بھی معلوم ہو گا۔

**گھر کا کام**

- لفظ چھوڑ سے پانچ نئے الفاظ بنائیں اور الفاظ سے جملے بنا کر لائیں۔

# سیشن 4

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • آج الفاظ کے جوڑ اور توڑ کا کام کر وائیں۔ ٹیچر بورڈ پر الفاظ لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھول کر نئے صفحے پر دن اور تاریخ لکھیں اور بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ کاپی میں اتاریں اور ان کو توڑ کر بھی لکھیں۔ |
| الفاظ | • مچھلی۔ تیرنا۔ رینگنا۔ جتنا۔ چڑھنا۔ گھنٹی۔ چوڑیوں۔ دوستوں۔ کنارا۔ لہر۔ |
| | • کام ختم ہونے کے بعد ٹیچر بورڈ پر الفاظ توڑ کر لکھیں اور بچے اپنا کام چیک کریں۔ |
| 25 منٹ | • اب ٹیچر بورڈ پر چار کالم بنائیں اور ترتیب وار ان میں لکھیں۔<br>تیرنے والی۔ اڑنے والی۔ رینگنے والی۔ دوڑنے والی۔ |
| | • ٹیچر مختلف چیزوں کے نام پوچھیں اور کالم میں ترتیب کے مطابق لکھتی جائیں۔ جاندار کے ساتھ ہی بے جان چیزوں کے نام کی طرف بھی نشاندہی کریں۔ مثلاً: کشتی یا جہاز بھی تیرتے ہیں یا پتنگ اور ہوائی جہاز بھی اڑتے ہیں۔ کالم میں لکھے ہوئے الفاظ کی پڑھائی کر وائیں اور آخر میں بچوں سے یہ سوال کریں کہ: وہ کون ہے جو تیر بھی سکتا ہے؟ دوڑ بھی سکتا ہے؟ رینگ بھی سکتا ہے لیکن خود اڑ نہیں سکتا؟ ظاہر ہے کہ بچوں کا جواب ''انسان'' ہی ہوگا۔ ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ ٹھیک ہے کہ انسان کو خود اڑنے کی صلاحیت نہیں ملی ہے۔ مگر وہ ایسی چیزیں ایجاد کرتا ہے جو اڑ سکتی ہیں اور ان میں بیٹھ کر انسان بھی ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتا ہے۔ |
| گھر کا کام | • اپنی پسند کی کسی پانچ یا چھ تیرنے' اڑنے' رینگنے اور دوڑنے والی چیزوں کی تصویریں بنا کر ان کے نام لکھیں۔ |

## سیشن 5

20منٹ

- الفاظ اور ضد کا کام کر وانے سے پہلے ٹیچر کلاس میں یہ activity کر وائیں۔
- ایک چھوٹے ٹب یا پیالے میں پانی لائیں۔ ساتھ ہی کچھ چھوٹے پتھر، کاغذ کی کشتی بنا کر، بوتلوں کے ڈھکنے، پنسل، ربڑ، کامن پن وغیرہ بھی لائیں۔ کلاس کے باہر یا اندر درمیان میں میز پر ٹب یا پیالہ اور دوسری چیزیں رکھیں۔ بچوں کو میز کے چاروں طرف اس ہدایت کے ساتھ کھڑا کریں کہ وہ آپس میں ایک دوسرے کو دھکا نہ دیں۔ بچوں سے سوالات کریں۔
- کیا یہ سب چیزیں پانی پر تیر سکتی ہیں؟
- جو چیزیں تیر نہیں سکتی ہیں وہ کیا ہوں گی؟
- کون کون سی چیزیں تیر سکتی ہیں؟
- بعد میں ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ جو چیزیں پانی پر تیر نہیں رہی تھیں وہ کہاں گئیں تو بچے جواب دیں گے کہ وہ پانی میں ڈوب گئیں۔
- اب بچے اپنی جگہ بیٹھ جائیں۔ کتاب کھولیں اور کہانی میں سے ایسے الفاظ تلاش کریں جن کے ضد الفاظ بنائے جا سکتے ہوں۔ جیسے تیرنا۔ ڈوبنا۔ بچوں کے بتائے ہوئے الفاظ ٹیچر بورڈ پر لکھیں۔

25 منٹ

- بچے کاپی کھولیں اور الفاظ اور ان کی ضد کاپی میں لکھیں۔ بعد میں ان میں سے کسی چار الفاظ کے جملے بھی بنائیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| تیرنا | ڈوبنا |
| اچھا | برا |
| دوڑنا | رکنا |
| چڑھنا | اترنا |
| دوست | دشمن |
| شور | خاموشی |

| | |
|---|---|
| | کنارا — بیچ |
| | دن — رات |
| | سورج — چاند |
| گھر کا کام | • چاند اور سورج کی تصویر بنائیں اور دونوں کے بارے میں تین تین لائنیں لکھیں۔ |

## سیشن 6

| | |
|---|---|
| 20منٹ | • بچے کتاب میں سے صفحہ 5-6 کھولیں۔ تصویروں کو غور سے دیکھیں۔ اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپی کھولیں۔ نئے صفحے پر دن تاریخ لکھیں۔ ٹیچر بورڈ پر تصویروں کے مطابق نام لکھیں اور بچے کاپی میں یہ الفاظ اتار کر ان کی تعداد لکھیں۔ |
| الفاظ | غبارے۔ گھنٹی۔ بچے۔ صوفے۔ ریڈیو۔ طبلے۔ کرسی۔ کیک۔ لڑکے۔ لڑکیاں۔ موم بتیاں۔ دری |
| 25 منٹ | • ٹیچر بچوں سے کہیں کہ آج سب بچوں کو انفرادی طور سے اپنی پسند کا کوئی ایک کام کر کے دکھانا ہو گا۔ اس activity کو کلاس کے باہر کھلی جگہ میں کر وایا جائے تو زیادہ بہتر ہو گا۔ مثلاً: گانا گا کر۔ ناچ کر۔ ٹیچر کی نقل یا کسی اور دوسری چیز کی نقل کر کے۔ دوڑ کر۔ رینگ کر۔ رو کر۔ ہنس کر۔ خاموش بیٹھ کر یا شور مچا کر۔ کوئی لطیفہ سنا کر۔ |

## سیشن 7

| | |
|---|---|
| 25 منٹ | • آج کا کام ٹیچر بورڈ پر لکھ کر کاپی میں بھی کر وا سکتی ہیں اور ورک شیٹ بنا کر بھی کر وا سکتی ہیں۔ آپ کو کیا پسند ہے؟ سوالوں کے جواب لکھیں۔ |

(۱) آپ کو کیا چیز اچھی لگتی ہے؟

(الف) دوپہر کے کھانے پر۔

(ب) رات کے کھانے پر۔

(ج) دعوت میں۔

(۲) آپ کو کون سا کھیل اچھا لگتا ہے؟

(۳) آپ کو کیا بنانا اچھا لگتا ہے؟

(۴) آپ کس بات سے بہت خوش ہوتے ہیں؟

(۵) آپ کس بات سے اداس ہوتے ہیں؟

(۶) آپ کس کام میں مہارت حاصل کرنا چاہتے ہیں؟

(۷) آپ کس چیز کے بارے میں بہت زیادہ جاننا چاہتے ہیں؟

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • بچوں کے Level اور دلچسپی کے مطابق ٹیچر مختلف کہانیوں کی کتابیں بچوں کو دیں۔ بچے اپنی کتابیں خاموشی سے پڑھیں۔ |
| گھر کا کام | • بچے ایک booklet بنائیں۔ جس میں کلاس میں پڑھی کتاب کے بارے میں چھ سے آٹھ لائنیں لکھ کر لائیں۔ آخر میں یہ بھی کہ ان کو یہ کتاب کیسی لگی۔ |

مچھلی کو تیرنا اچھا لگتا ہے
چڑیا کو اڑنا
سانپ کو رینگنا اچھا لگتا ہے
ہرن کو دوڑنا

# ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

ہم Dolmen Pvt. Limited کے شکرگزار ہیں
جن کے تعاون سے کتاب اور اس کی ٹیچرز گائیڈ شائع ہوئی۔

The Book Group
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: bookgroup@cyber.net.pk
www.bookgroup.org.pk